**اعمال کی کتاب کےکلیدی الفاظ:**

کلیدی الفاظ کسی بھی کتاب کے مرکزی پیغام پر روشنی ڈالتے ہیں۔ اعمال کی کتاب میں چند اہم اور بار بار استعمال ہونے والے الفاظ درج ذیل ہیں۔

| | |
|---|---|
| پولس | 154مرتبہ |
| پطرس | 64مرتبہ |
| روح القدس | 50مرتبہ |
| کلامِ خُدا | 48مرتبہ |
| یسوعؔ یا خُداوند | 34مرتبہ |
| رسول یا رسولوں | 30مرتبہ |
| گواہ یا گواہی | 30مرتبہ |
| دُعا | 28مرتبہ |

ان تمام الفاظ کو اپنے جملے میں استعمال کریں۔

**اعمال کی کتاب اور کنجیوں کا راز:**

یہ وہ کنجیاں تھیں جن کے ذریعے شاگردوں نے دُنیا کو بدل دیا۔ عرصہ دراز سے کلیسیا یہ سوال کرتی رہی کہ یہ کنجیاں کیا چیز ہیں جن کا وعدہ خُداوند یسوعؔ مسیح نے اپنے شاگردوں کے ساتھ کیا تھا کہ تم زمین پر جو کُچھ باندھو گے وہ آسمان پر بندھے گا اور جو کُچھ تم زمین پر کھولو گے وہ آسمان پر کھلے گا (متی 18:18)۔

مُکاشفہ کی کتاب خُداوند یسوعؔ مسیح کی کنجیوں کا ذکر کرتی ہے (مُکاشفہ 18:1) موت اور عالمِ ارواح کی کنجیاں میرے پاس ہیں۔ (مُکاشفہ 7:3) اس کے کھولے ہوئے کو کوئی بند نہیں کر سکتا اور بند کئے ہوئے کو کوئی کھول نہیں سکتا۔

خُداوند یسوعؔ مسیح نے شاگردوں کے ساتھ وعدہ کیا کہ وہ ان کو یہ کنجیاں دے گا

(متی 19-18:16)

اعمال کی کتاب ہماری رہنمائی کرتی ہے کہ یہ کُنجیاں خُداوند یسوعؔ مسیح نے اپنے شاگردوں کو دیں جن کے وسیلہ سے کلیسیا نے بڑے جلالی کام دیکھے۔

**کلید یا کُنجی نمبر 1**: روح القدس

اعمال کی کتاب میں روح القدس مرکزی قوت کے طور پر نظر آتا ہے۔

**Ninefold Role of the Holy Spirit**: روح القدس کا نو پہلو کردار:

سپہ سالار اعلیٰ (اعمال 2:1)

نبوت کا اِلہام دینے والا (16:1؛28:11؛4,2:13)

نبوت کا پورا کرنے والا (18-17:2)

باپ کا وعدہ (33:2)

خُدا کا تحفہ (38:2)

کلیسیا کا تسلی دینے والا ( 31:9)

آسمانی بارش (18-11:2)

خوشی دینے والا (52:13)

**شاگردوں کا روح القدس کے ساتھ دس پہلو تعلق**:

روح القدس میں معموری (8:1)

روح القدس میں بپتسمہ پانے والے (5:1)

روح القدس کے حاصل کرنے والے (15:8)

روح القدس سے بھرے ہوئے (4:2)

روح القدس کے ساتھ گواہ (32:5)

روح القدس کی تحریک سے چلنے والے (18:5)

روح القدس کی طرف سے مقرر کردہ (23:20)

روح القدس کی طرف بھیجے گئے (13:2)

روح القدس کی طرف سے اُٹھائے گئے (39:8)

روح القدس کی رہنمائی میں چلنے والے (29:8)

روح القدس سے کھلنے والے دروازہ

◦فلپس اور حبشی خوجہ (اعمال 8)

پطرس اور کُرنیلیس (غیر قوموں کے لئے دروازہ کھل گیا) (اعمال 10)

یروشلیم کی کونسل (اعمال 15)

## کلید نمبر 2: دُعا

دعا وہ راستہ ہے جو ایمانداروں کو آسمان کے ساتھ جوڑ دیتی ہے۔ یہ ایک سیڑھی کی طرح کام کرتی ہے۔ اس کو سمجھنے کے لئے (پیدائش 28:10-13) ہم دیکھ سکتے ہیں۔ دُعا روح القدس کے ملنے کا بھی ذریعہ ہے۔ یہی وہ راستہ ہے جس کے ذریعے ہم آسمان سے ہدایات حاصل کرتے ہیں۔ اعمال کی کتاب میں رسولوں نے خُدا پر مکمل انحصار کیا جو ان کی مسلسل دُعائیہ زندگی سے ظاہر ہوتا ہے۔ اعمال کی کتاب کے 28 ابواب میں سے 17 ابواب میں دُعا کا ذکر موجود ہے۔ کسی نے کہا ہے کہ آپ خُدا پر کتنا بھروسہ کرتے ہیں یہ آپ کی دُعائیہ زندگی سے ظاہر ہوتا ہے۔

1- رسول دُعا میں مشغول رہے(اعمال2:42)

2- انہوں نے آپ کو دُعا کے لئے وقت کیا(اعمال6:4)

3- وہ باقاعدگی سے دُعا کرتے تھے(اعمال3:1،4:10؛1-3:12؛5:16؛13-14)

4- انہوں نے خاص موقعوں پر بھی دُعا کی

i- قیادت کے انتخاب کے وقت (1:24)

ii- خادموں کی تقرری کے وقت (6:6)

iii- خادموں کو روانہ کرتے وقت (13:3)

iv- بزرگوں کی تقرری کے وقت (14:23)

v- دوستوں سے رخصت ہوتے وقت (20:36؛21:15)

5- انہوں نے خاص درخواستوں اور ضروریات کے لئے بھی دُعا کی

i- دلیری کے لئے (4:31)

ii- روح القدس کے حصول کے لئے (8:15)

iii- مُردوں کو زندہ کرنے کے لئے (9:40)

iv- پطرس کی رہائی کے لئے (12:12)

v- خُدا کی مرضی کے لئے (16:16)

vi- رہائی کے لئے (16:25)

vii- شفا کے لئے (28:8)

نئے عہد نامہ میں کلیسیا نے دُعا میں جنم لیا اس کے بعد دُعا ان کی کامیابی کی کنجی رہی۔ اعمال کی کتاب کے مسیحیوں نے دُعا کے ماحول میں سانس لیا، دُعا کی قدرت پر ایمان رکھا اور اپنے ہر کام کا آغاز، تسلسل اور

اختتام دُعا کے ساتھ کیا۔